| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی چھبسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ٹھ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'ٹھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ جملوں میں 'ٹھ' کے الفاظ استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے بھ اور پھ تھ کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حروف 'ٹھ' کو مصوتوں سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ٹ' کو دوچشمی 'ھ' کے ساتھ ملا کر پڑھنا اور لکھنا سیکھیں گے۔ 'ٹھ' کو بڑا کر کے تختہ سفید سیاہ پر لکھیں اور بچوں سے ہوا میں لکھنے کو کہیے۔ 'ٹھ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ 'ٹھ' کو ا، و، ی، ے کے ساتھ تختہ سفید سیاہ پر لکھا جائے گا۔<br>ٹھ + ا = ٹھا    ٹھ + ی = ٹھی    ٹھ + ے = ٹھے<br>بچوں سے ان الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ ٹھیلا، ٹھنڈا، ٹھاٹ، ٹھیکہ، ٹھہرو، ٹھیک، ٹھوڑی | 10منٹ | 'ٹھ' فلیش کارڈ<br>الفاظ کے فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ 42 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو جوڑوں میں تقسیم کیجیے تختہ سیاہ/سفید پر 'ٹھ' لکھیے۔ طلبہ سے 'ٹھ' کے الفاظ سوچنے کو کہا جائے گا۔ ہر ایک جوڑا باری باری بورڈ پر آ کر ٹھ کا ایک لفظ تختہ سیاہ/سفید پر 'ٹھ' کے گرد لکھے گا۔ درست کام کرنے پر بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ ٹ کو ھ سے ملا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔ 'ٹھ' مصوتوں کے ساتھ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے بھ، پھ اور ٹھ کی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی — چھبسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ٹھ' | دن: | دوسرا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ بھاری حرف 'ٹھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ جملوں میں 'ٹھ' کے الفاظ استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ٹھا، ٹھو، ٹھی، ٹھے کے الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>ٹھیک، ٹھوکر، ٹھیلا، ٹھوڑی، ٹھیر الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو تختہ سفید/ سیاہ پر ان الفاظ کے توڑ کرنے بتائے جائیں گے۔ بچوں کو یاددہانی کروائی جائے گی کہ بھ، پھ، تھ، ٹھ کے توڑ کرتے وقت ان کو الگ الگ نہیں لکھتے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر 'ٹھ' بنوانے کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں کو Salt tray دے کر ٹھ کی لکھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کاپی پر 'ٹھ' کے الفاظ ٹھوکر، ٹھیلا، ٹھوڑی، تھیلا کے توڑ کروائے جائیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں ٹھ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر ٹھا، ٹھو، ٹھی، ٹھے لکھیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>پلے ڈو<br>Salt tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حروف 'ٹھ' کو مصوتوں سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی چھبسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ٹھ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'ٹھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ جملوں میں 'ٹھ' کے الفاظ استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے ٹھ کی آواز اور الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حروف 'ٹھ' کو مصوتوں سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ٹھ کے الفاظ اور ان کا جملوں میں استعمال سیکھیں گے۔ کتاب میں دیے گئے تمام ٹھ کے الفاظ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر معلمہ ان کی بلند خوانی کروائے گی۔ ٹھوکر، ٹھیر، ٹھیک کے جملے بتائے جائیں گے۔ آمنہ کو کرسی سے ٹھوکر لگ گئی۔ تھوڑی دیر اور ٹھہر جاؤ۔ میرا پاؤں اب ٹھیک ہے۔ | 10 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 43 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ٹھ کے الفاظ فلیش کارڈ دے کر الفاظ کو پڑھنے اور ان کے توڑ بتانے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 43 کھولنے کو کہا جائے گا۔ الفاظ کے توڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔ جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ الفاظ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بورڈ پر ٹھ کے الفاظ لکھوائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر ٹھوکر اور ٹھیلا سے جملے لکھیں۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی چھبیسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ٹھ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'ٹھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ جملوں میں 'ٹھ' کے الفاظ استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>ٹھ کے الفاظ اور جملے بورڈ پر لکھ کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حروف 'ٹھ' کو مصوتوں سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>ٹھا، ٹھو، ٹھی، ٹھے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان الفاظ کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ ان الفاظ سے پہلے 'ا' کا اضافہ کر کے بچوں سے دوبارہ ان الفاظ کو پڑھنے کو کہا جائے گا۔ 'اُٹھیں' لکھ کر اس کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | بھ، پھ، تھ، ٹھ کے الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>ٹوکری میں بھ، پھ، تھ اور ٹھ کے الفاظ فلیش کارڈ دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو باری باری بُلا کر ٹھ الفاظ فلیش کارڈ نکال کر ان کی پڑھائی کرنے کو کہا جائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 44 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اُٹھا، اُٹھی، اُٹھے، اُٹھو، اُٹھیں کی لکھائی کروائی جائے گی۔ نیچے دیے گئے جملوں میں ان الفاظ کا درست استعمال کر کے خالی جگہ مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 44 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بورڈ پر بُلا کر اُٹھا، اُٹھو، اُٹھی، اُٹھے لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر اُٹھا، اٹھو، اٹھی، اٹھے، اور اٹھیں لکھیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی چھبسواں ہفتہ | موضوع: | بھاری حرف 'ٹھ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ بھاری حرف 'ٹھ' کو ا، و، ی، ے سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ جملوں میں 'ٹھ' کے الفاظ استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے ٹھیلا، ٹھیک، ٹھٹھر، ٹھوڑی، ٹھوکر الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بیٹھا، بیٹھی، بیٹھے، بیٹھو، بیٹھیں معلمہ تختہ سیاہ/سفید پر لکھ کر ان کی بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے کرنے کو کہیں گی۔ ٹھ اور پھ کے الفاظ بورڈ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو ٹھ کے الفاظ فلیش کارڈ دے کر ان کی پڑھائی کرنے کو کہا جائے گا۔ جو گروپ بغیر کوئی غلطی کیے تمام الفاظ پڑھ لے گا وہ جیت جائے گا۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 45 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بیٹھا، بیٹھی، بیٹھے، بیٹھو، بیٹھیں کی لکھائی کروائی جائے گی۔ نیچے دیے گئے الفاظ میں پھ اور تھ کے الفاظ الگ الگ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>پھ اور ٹھ کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | ٹھ کے الفاظ فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 45 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا بھاری حروف 'ٹھ' کو مصوتوں سے ملانے اور جملوں میں ان کا استعمال کرنے پر۔ |